نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں ڈویژنل کاٹن مینجمنٹ اجلاس کا انعقاد

لاہور30اگست 2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی فصل سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے نیوٹریشنل مینجمنٹ پر خاص توجہ دی جائے۔ستمبر اور اکتوبر کا مہینہ کپاس کی فصل کے لئے نہایت اہم ہے۔تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کپاس کی جیننگ فیکٹریوں میں آمد کا ریکارڈ مرتب کریں تا کہ پیداواری ریکارڈ کو مدِنظر رکھتے ہوئے آئندہ فصل کے لئے ایک جامع حکمت عملی مرتب کی جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ یہ بات نہایت خوش آئند ہے کہ کپاس کی مارکیٹ مستحکم ہے جس کے باعث کسان خوشحال اور آئندہ فصل پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔وہ آج سول سیکرٹریٹ لاہور میں جنوبی پنجاب کی تین ڈویژن میں کپاس اور سیلاب کی موجودہ صورتحال کی مانیٹرنگ کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان،کنسلٹنٹ شعبہ زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زارعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن،ڈائریکٹر جنرل زراعت(پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد،ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ پنجاب ڈاکٹر عبدالقیوم،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس و دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کے ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں کپاس کی حالت تسلی بخش ہے اور کپاس کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے ترجیحاً اقدامات کئے جا رہے ہیں۔رپورٹ ہونے والے ہاٹ سپاٹ ایریا میں جدید کیمسٹری کی حامل زرعی زہروں کا سپرے کروایا جا رہا ہے۔اگیتی کاشتہ فصل کی چنائی کا مرحلہ جاری ہے اور اب تک 2لاکھ گانٹھوں سے زائد کپاس جیننگ فیکٹریوں میں پہنچ چکی ہے۔بعض علاقوں میں سفید مکھی، ملی بگ اور گلابی سنڈی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے مگر وہ نقصان کی معاشی حد سے نیچے ہے تاہم رپورٹ ملنے پر زراعت توسیع اور پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں جدید کیمسٹری کی حامل زرعی زہروں کا سپرے کر رہی ہیں۔ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ جنوبی پنجاب میں سیلاب سے متاثرہ کپاس کی فصل کی بحالی کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جا رہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں قبل از وقت تمام فصلات بشمول کپاس کے تحفظ کیلئے اقدامات کئے جائیں۔اس ضمن میں محکمہ آبپاشی سے مکمل رابطہ رکھا جائے اور سیلاب کی صورتحال کو مانیٹر کیا جائے اور ایک جامع رپورٹ مرتب کر کے ارسال کی جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ اس کے علاوہ کپاس کی صاف چنائی کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی بھی کی جائے۔اس ضمن میں زراعت توسیع کے افسران و عملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہوں۔انھوں نے واضح کیا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں استحکام کا باعث ثابت ہوگی۔اس لئے کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کے سلسلے میں تمام افسران و عملہ اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر سر انجام دیں۔کپاس کی مہم گزشتہ قریباً 4ماہ سے جاری ہے۔چند روز کی مزید محنت سے ہم اپنا ہدف حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے

☆☆☆☆